موبی لنک اور سام سنگ کے اشتراک سے " گیلیکسی ٹیبلیٹ " کمپیوٹر پاکستان میں متعارف کروادیا گیا

اسلام آباد: 21 دسمبر، 2010 - موبی لنک، پاکستان میں سیلولر خدمات کا سرفہرست ادارہ ہے جسے اورسکام ٹیلی کام ہولڈنگ جیسے بین الاقوامی ادارے کی سرپرستی حاصل ہے۔اس مواصلاتی ادارے نے برقی مصنوعات، سیمی کنڈکٹرز اور ٹیلی موصلات کے شعبے میں نامور اور عالمی اعزاز یافتہ ادارے سام سنگ کے ساتھ اشتراک میں ایک جدید "ٹیبلیٹ" کمپیوٹر پاکستان میں متعارف کروایا ہے، جو سام سنگ Galaxy Tab کہلاتا ہے۔

پاکستان کے تمام بڑے شہروں میں موبی لنک کے سیلز اور سروس مراکز پر دستیاب، سام سنگ گیلکسی "ٹیب" کی خریداری پر موبی لنک نیٹ ورک کی جانب سے تین ماہ تک GPRS سہولت بالکل مفت فراہم کی جائے گی، اس کے علاوہ چمڑے کی بنی ہوئی خوبصورت کتابی جلد بھی تحفے کے طور پر پیش کی جائے گی۔

سام سنگ گیلکسی ٹیب، ایک مختصر حجم رکھنے والا ٹیبلیٹ کمپیوٹر ہے، جو کہ Google آپریٹنگ سسٹم (Froyo) Android 2.2 پر چلتا ہے۔اس کی خصوصیات میں؛ 7 انچ (180mm) کی ایک TFT-LCD Touch-Screen کے علاوہ Wi-Fi نظام، Blue Tooth 3.0 اور GPS chip سمیت 1.0GHz ARM Cortex-A8 ہمنگ برڈ پراسیسر اور ایک Swype input سسٹم بھی شامل ہیں۔موبی لنک اور سام سنگ کی یہ مشترکہ پیشکش LED flash سمیت 3.2 میگا پکسل rear-facing کیمرہ سے بھی لیس ہے۔اس میں 3.5mm کا ear jack اور جدید اسپیکر بھی موجود ہیں جو متعدد اقسام کے audio formats مثلاً (MP3, AAC, OGG, WMA, AMR-NB/WB, FLAC, WAV اور AC3 کے علاوہ MIDI, RTTTL/RTX, OTA, I-MELODY, SP-MIDI وغیرہ کے استعمال میں مددگار ہیں۔اس کی معیاری بیٹری اتنی توانا ہے کہ 7 گھنٹے کی ویڈیو اور دس گھنٹے سے زائد کا Talk Time مہیا کرتی ہے۔

سام سنگ ٹیب میں Adobe Flash 10.1 کے استعمال کی صلاحیت بھی موجود ہے۔اس کے ذریعے صارف کو متعدد ملٹی میڈیا دلچسپیوں تک رسائی حاصل ہوتی ہے، مثلاً؛ DivX, MPEG-4, WMV اور (H.263, H264) Xvid۔ اس کی دیگر خصوصیات میں کیلنڈر، ای میل اور Instant messaging applications شامل ہیں۔اخبارات کے مطالعے کے لئے Press Display نامی ایک Online اخبارات کا ذخیرہ بھی موجود ہے جو کہ E-reading کی سہولت پر مبنی ہے۔اسی طرح E-Books کے مطالعے کے لئے Kobo نامی سہولت کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔مختلف میگزین پڑھنے کے لئے Zinio نامی سہولت موجود ہے جو کہ پبلشنگ ٹیکنالوجی اور سروس فراہم کرنے والی کمپنی ہے۔

موبی لنک نے اپنی ٹیکنالوجی کو جدید ترین ایجادات سے ہم آہنگ رکھا ہوا ہے۔یہ پاکستان کی مارکیٹ میں نئی اور بے مثال مصنوعات کا بانی ادارہ ہے۔پاکستان میں پہلی بار بلیک بیری سہولیات متعارف کروانے والا سیلولر ادارہ بھی موبی لنک ہی تھا۔انڈیگو کے ہزاروں صارفین کو بلیک بیری کی تمام سہولیات اور بعد از فروخت کی جامع سروس دستیاب ہیں۔یہ واحد ادارہ ہے جو بلیک بیری کے بانی ادارے Research in Motion (RIM) کے ساتھ براہ راست کام کر رہا ہے۔موبی لنک پہلا سیلولر ادارہ ہے جس نے Motorola Milestone نامی Android فون متعارف کروایا اور پاکستان میں Windows Phone-7 نظام پر مبنی پہلا اسمارٹ فون HTC HD7 بھی اس سال کے آغاز میں متعارف کروایا۔